USDA Food and Nutrition Service
U.S. DEPARTMENT OF AGRICULTURE

# اسکول سے ملنے والے کم قیمت اور مفت کھانوں کے لیے کیسے درخواست دی جائے

اسکول سے ملنے والے کم قیمت اور مفت کھانوں کے لیے درخواست کرنے میں مدد کے لیے براہِ کرم ان ہدایات کو استعمال کریں۔ آپ کو فی گھرانہ ایک درخواست دینے کی ضرورت ہے، **خواہ آپ کے بچے [Insert School District here] میں ایک سے زیادہ اسکولوں میں ہی کیوں نہ جاتے ہوں۔**

اسکول سے ملنے والے کم قیمت اور مفت کھانوں کے لیے آپ کے بچے (بچوں) کی اہلیت کے تعین کے لیے درخواست مکمل طور پر پُر کی جائے۔ براہِ کرم ان ہدایات پر ترتیب وار عمل کیا جائے! ہدایات کا ہر مرحلہ آپ کی درخواست کے مراحل سے یکساں ہے۔ کسی بھی لمحے اگر آپ کو یہ یقین نہ ہو کہ اگلے مرحلے پر کیا کِیا جائے، تو براہِ کرم [Insert School/School District contact here; phone and email preferred] سے رابطہ کریں۔

**درخواست پُر کرتے ہوئے (پینسل نہیں بلکہ) پین استعمال کریں اور جلی حروف میں تحریر کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش کریں۔**

## مرحلہ 1: گریڈ 12 تک اور بشمول تمام بچوں، شیرخواروں، اور طلبہ کو درجِ فہرست کریں

ہمیں بتائیں کہ آپ کے گھر میں کتنے شیرخوار/کم سن، اسکول نہ جانے والے بچے اور ایلیمینٹری/مڈل/ہائی اسکول کے طلبہ بچے رہتے ہیں۔ آپ کے گھرانے کا فرد ہونے کے لیے ان کا آپ سے تعلق ہونا ضروری نہیں۔

**مجھے یہاں کس کو درجِ فہرست کرنا چاہیئے؟** اس حصے کو پُر کرتے ہوئے، براہِ کرم اپنے گھرانے میں موجود ایسے تمام افراد کو شامل کریں جو:

- 18 برس تک کے یا اس سے کم عمرکے بچے ہوں اور گھرانے کی آمدن کے ذریعے ان کی پرورش ہوتی ہو؛
- کسی عدالت یا ریاستی/مقامی ایجنسی کے ذریعے سے آپ کے زیرِ نگہداشت پرورش کے کسی رسمی انتظام کے تحت موجود فرد یا وہ جو بے گھر، پناہ گزین یا گھر سے فرار نوجوان کے معیار پر پورا اترتے ہوں؛
- ایسے طالب علم جو (عمر سے قطعِ نظر) [Insert School/School system here] تے ہوں۔

**A) ہر بچے کا نام درج فہرست کریں۔** ہر بچے کا نام جلی حروف میں لکھیں۔ ہر بچے کے لیے درخواست کی ایک سطر استعمال کریں۔ جلی حروف میں نام درج کرتے ہوئے، ہر خانے میں ایک حرف تحریر کریں۔ اگر جگہ ختم ہو جائے تو رک جائیں۔ اگر درخواست پر موجود سطور سے زیادہ بچے ہیں، تو دیگر بچوں کے لیے تمام درکار معلومات کے ساتھ ایک دوسرا کاغذ (یا اگر الیکٹرانک طریقے سے مکمل کر رہے ہیں تو ایک دوسری درخواست) منسلک کریں۔ یہ مرحلہ 3 میں شامل بالغان پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ "MI" نام کے درمیانے حصے کے ابتدائی حرف کا مخفف ہے۔ ہر بچے کے درمیانے نام کا پہلا حرف خانے میں جلی طور پر تحریر کریں۔

**B) کیا بچہ ایک طالب علم ہے؟** اگر جواب "جی ہاں" ہے تو، دائیں جانب موجود "گریڈ" کے کالم میں طالب علم کا گریڈ تحریر کریں۔

**C) کیا آپ کے پاس کوئی *foster children* ہیں؟** اگر کوئی بھی بچے *foster children* کے طور پر درج فہرست کیے گئے ہیں، تو بچے کے نام کے آگے موجود "*Foster Child*" کے خانے کو نشان زد کریں۔ اگر آپ صرف *foster children* کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو **مرحلہ 1** مکمل کرنے کے بعد، **مرحلہ 4** پر جائیں۔

آپ کے ساتھ رہنے والے *foster children* آپ کے گھرانے کے فرد کے طور پر شمار کیے جا سکتے ہیں اور انہیں بھی آپ کی درخواست میں درج فہرست کیا جائے۔ اگر آپ *foster children* اور غیر *foster children* دونوں طرح کو بچوں کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو مرحلہ 3 پر جائیں۔
نوٹ: گود لیے گئے باشندے *foster children* شمار نہیں ہوتے۔ ایک *foster child* وہ نابالغ بچہ ہوتا ہے جو ریاستی تحویل میں لیا جاتا ہے اور ریاست کے لائسنس یافتہ کسی بالغ فرد کی نگرانی میں رکھا جاتا ہے، جو اس بچے کے والدین یا سرپرست کی جگہ بچے کی دیکھ بھال کرتا ہے۔

**D) کیا کوئی بچے بے گھر، پناہ گزین یا گھر سے بھاگے ہوئے ہیں؟** اگر آپ کو یقین ہے کہ اس حصے میں فہرست کیا گیا کوئی بچہ اِس تفصیل سے مطابقت رکھتا ہے تو بچے کے نام کے آگے موجود "بے گھر، پناہ گزین، گھر سے بھاگا ہوا" کے خانے کو نشان زد کریں اور درخواست کے تمام مراحل کو مکمل کریں۔ بے گھر، پناہ گزین، گھر سے بھاگا ہوا کی حیثیت کی عملے کے کسی موزوں رکن کے ذریعے لازماً تصدیق کی جائے۔ اگر اسکول ڈسٹرکٹ آپ کے طالب علم کے بے گھر، پناہ گزین، یا گھر سے بھاگا ہوا کی حیثیت کی تصدیق نہ کر سکتا ہو، تو ایسے میں اسکول ڈسٹرکٹ آپ سے آمدنی کی بنیاد پر دائر کی جانے والی درخواست مکمل کرنے کے لیے رابطہ کرے گا۔ اگر آپ چاہیں تو آمدنی کی معلومات ابھی فراہم کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں تاکہ اسکول ڈسٹرکٹ کو بعد میں آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت نہ رہے۔


*یہ ادارہ یکساں مواقع فراہم کرتا ہے۔*

## مرحلہ 2: کیا گھرانے کا کوئی فرد فی الوقت ضمنی معاونت برائے غذائیت کے پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP)، عارضی معاونت برائے مستحق خاندان (Temporary Assistance for Needy Families, TANF)، یا انڈین ریزرویشنز میں غذائی تقسیم کے پروگرام (Food Distribution Program on Indian Reservations, FDPIR) میں شامل ہے؟

**اگر آپ کے گھرانے میں کوئی بھی فرد (بشمول آپ کے) ذیل میں فہرست کیے گئے معاونتی پروگرامز میں سے کسی ایک یا اس سے زیادہ میں شامل ہے، تو آپ کے بچے اسکول سے ملنے والے مفت کھانوں کے اہل ہیں:**

- ضمنی معاونت برائے غذائیت کا پروگرام (SNAP) یا
- عارضی معاونت برائے مستحق خاندان (TANF) یا
- انڈین ریزرویشنز میں غذائی تقسیم کا پروگرام (FDPIR)۔

[Insert State SNAP here]

[Insert State TANF here]

**A) اگر آپ کے گھرانے کا کوئی بھی فرد مندرجہ بالا فہرست شدہ کسی پروگرام میں شرکت نہیں کرتا:**

- تو **مرحلہ 2** میں "نہیں" کو نشان زد کریں اور **مرحلہ 3**پر چلے جائیں۔

**B) اگر آپ کے گھرانے کا کوئی بھی فرد مندرجہ بالا فہرست شدہ کسی پروگرام میں شرکت کرتا:**

- تو SNAP، TANF، یا FDPIR کا کیس نمبر درج کریں۔ آپ کو صرف ایک کیس نمبر فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ ان میں سے کسی ایک پروگرام میں شامل ہیں اور اپنے کیس نمبر سے واقف نہیں، تو رابطہ کریں:

[Insert State/local agency contacts here]

- **مرحلہ 4** پر جائیں۔

## مرحلہ 3: گھرانے کے تمام افراد اور ہر ایک فرد کی آمدنی کو درجِ فہرست کریں

**میں اپنی آمدنی کیسے رپورٹ کروں؟**

- اس تعین کے لیے کہ آیا آپ کا گھرانہ ایسی آمدن رکھتا ہے کہ جسے رپورٹ کیا جائے گا، درخواست فارم کی پچھلی جانب اور **"<u>آمدنی کے ذرائع</u>"** نیز **"<u>بچوں کے لیے آمدنی کی مثالیں</u>،"** کے عنوان سے موجود فہارست استعمال کریں۔
- تمام مقداروں کو صرف مجموعی آمدن کے طور پر درج کریں۔ تمام آمدنیوں کو سالم ڈالرز میں رپورٹ کیا جائے۔ سینٹس شامل نہ کریں۔
  - مجموعی آمدن سے مراد ٹیکسز اور کٹوتیوں سے **قبل** وصول ہونے والی کل آمدنی ہوتی ہے۔
  - بہت سے لوگ "مجموعی" مقدار کو نہیں بلکہ اس مقدار کو تنخواہ سمجھتے ہیں جو وہ "گھر لے جاتے ہیں"۔ یقینی بنائیں کہ اس درخواست پر آپ جو آمدنی رپورٹ کر رہے ہیں اس میں ٹیکسوں، انشورنس پریمیئم یا آپ کی تنخواہ سے وصول کی جانے والی مقداروں کی ادائیگی کے لیے کمی نہیں کی گئی ہے۔
- ایسی کوئی بھی جگہ جہاں رپورٹ کرنے کے لیے کوئی آمدنی نہیں، وہاں "0" لکھیں۔ ایسا کوئی بھی خانہ جو خالی یا سادہ چھوڑا گیا وہ بھی صفر شمار کیا جائے گا۔ اگر آپ "0" لکھتے ہیں یا کوئی خانہ خالی چھوڑتے ہیں، تو آپ تصدیق (عہد) کرتے ہیں کہ ایسی کوئی آمدنی نہیں کہ جو رپورٹ کی جائے۔ اگر مقامی حکام اس شک میں مبتلا ہوتے ہیں کہ آپ کے گھرانے کی آمدنی کے بارے میں غلط اطلاع دی گئی ہے، تو آپ کی درخواست کی چھان بین کی جائے گی۔
- ہر جگہ کے دائیں جانب موجود خانوں کو نشان زد کرتے ہوئے وصول ہونے والی ہر قسم کی آمدن کی وصولی کے دورانیے کا تعین کریں۔

### A.3۔ بالغ افراد کی کمائی ہوئی آمدن رپورٹ کریں

**مجھے یہاں کس کو درج فہرست کرنا چاہیئے؟**

- اس حصے کو پُر کرتے ہوئے، براہِ کرم اپنے گھرانے کے ایسے تمام بالغ افراد کو شامل کریں جو آپ کے ساتھ رہتے ہوں اور آمدنی و اخراجات میں حصہ لیتے ہوں، <u>خواہ ان سے کوئی تعلق نہ ہو اور خواہ وہ اپنی ذاتی آمدن وصول نہ کرتے ہوں، تو بھی شامل کریں</u>۔
- **درج ذیل افراد کو شامل مت کریں:**
  - وہ افراد جو آپ کے ساتھ رہتے ہوں لیکن آپ کے گھرانے کی آمدن سے ان کی اعانت نہ ہوتی ہو، نیز وہ آپ کے گھرانے کی آمدن میں حصہ نہ ڈالتے ہوں۔
  - **مرحلہ 1**میں پہلے سے فہرست شدہ شیرخوار، چھوٹے بچے اور طلبہ۔

## مرحلہ 3: گھرانے کے تمام افراد اور ہر ایک فرد کی آمدنی کو درجِ فہرست کریں

**1) گھرانے کے بالغ افراد کے ناموں کو درج فہرست کریں۔**
"گھرانے کے بالغ افراد کے نام (پہلا اور آخری)" کے عنوان کے تحت موجود خانوں میں گھرانے کے ہر فرد کا نام لکھیں۔ کالج کے طلبہ کا نام شامل کریں، ماسوائے اس وقت کہ جب ٹیکسز میں وہ انفرادی طور پر ڈیکلیئر کیے جاتے ہوں (کالج کے تمام طلبہ بالغ تصور کیے جاتے ہیں)۔ گھرانے کے ایسے افراد کو درجِ فہرست نہ کریں جنہیں آپ پہلے **مرحلہ 1** میں درجِ فہرست کر چکے ہوں۔

**2) کام سے حاصل ہونے والی آمدن کو درج فہرست کریں۔**
درخواست میں "کام سے حاصل شدہ آمدَن" کی جگہ پر کام سے حاصل ہونے والی تمام تر آمدن درج فہرست کریں۔ یہ عموماً وہ رقم ہوتی ہے جو نوکریوں پر کام کرنے سے وصول ہوتی ہے۔ اگر آپ ذاتی کاروبار چلاتے ہیں یا فارم کے مالک ہیں، تو آپ اپنی صافی آمدن رپورٹ کریں گے۔ صافی آمدن ٹیکس اور کٹوتیوں کے بعد آپ کو وصول ہونے والی آمدن ہوتی ہے۔

- **اگر میں متعدد نوکریاں کرتا/کرتی ہوں تو کیا کروں؟** ہر ایک نئی سطر میں اپنا نام اور نوکری سے وصول ہونے والی آمدن کو علیحدہ علیحدہ فہرست کرنے کے ذریعے ہر نوکری کو درجِ فہرست کریں۔ اگر ضروری ہو تو کاغذ کا اضافی ورق استعمال کریں۔
- **اگر میں ذاتی کاروبار کرتا ہوں تو کیا کروں؟** اپنے کاروبار سے وصول ہونے والی آمدن کو صافی مقدار کے طور پر درج فہرست کریں۔ صافی مقدار کا تعین، کاروبار سے وصول ہونے والے مجموعی وصولیوں (ریونیو) میں سے اس کو چلانے پر اٹھنے والے اخراجات کو منہا کرنے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ مجموعی وصولیاں یا ریونیو وہ تمام آمدنی ہوتی ہے جو پیش کردہ کسی بھی پراڈکٹ یا خدمات کی فروخت کے ذریعے کمائی جاتی ہے۔

اگر **مرحلہ 1** میں فہرست کردہ کسی بچے کی آمدنی ہے، تو **مرحلہ 3، حصہ B** میں موجود ہدایات کی پیروی کریں۔

**3) سرکاری اعانت/امدادِ اطفال/نان نفقہ کے ذریعے حاصل شدہ آمدن درج فہرست کریں۔**
ایسی تمام آمدن درجِ فہرست کریں جو درخواست میں "سرکاری اعانت/امدادِ اطفال/نان نفقہ" کے تحت آتی ہو۔ ایسی سرکاری اعانت کی نقد قدر رپورٹ نہ کریں جو مراعات چارٹ میں فہرست شدہ نہ ہوں۔ اگر امدادِ اطفال یا نان نفقے کے ذریعے آمدنی وصول ہوتی ہو، تو صرف عدالتی حکم شدہ ادائیگیاں رپورٹ کریں۔ غیر رسمی لیکن باقاعدگی سے ہونے والی ادائیگیاں اگلے حصے میں "دیگر" کے طور پر رپورٹ کی جائیں۔

**4) پینشن/ریٹائرمنٹ/دیگر تمام ذرائع سے وصول ہونے والی آمدن درج فہرست کریں۔**
ایسی تمام آمدنی جو درخواست میں "پینشنز/ریٹائرمنٹ/دیگر تمام ذرائع سے وصول ہونے والی آمدن" کے تحت آتی ہوں، درجِ فہرست کریں۔

- **اگر میں اس زمرے کے تحت متعدد ذرائع سے آمدن وصول کرتا/کرتی ہوں تو کیا کروں؟** ہر ایک نئی سطر میں اپنا نام اور ہر ذرائع سے وصول ہونے والی آمدن کو علیحدہ درجِ فہرست کریں۔ اگر ضروری ہو تو کاغذ کا اضافی ورق استعمال کریں۔

**5) گھرانے کا کل سائز درج فہرست کریں۔**
"گھرانے کے کل افراد (بچے اور بالغ افراد)" کی جگہ پر گھرانے کے کل افراد کی تعداد درج کریں۔ یہ نمبر **مرحلہ 1** اور **مرحلہ 3** میں فہرست شدہ گھرانے کے افراد کی کل تعداد کے مساوی ہونا چاہیئے۔ اگر آپ کے گھرانے کے کچھ ایسے افراد ہیں جنہیں آپ نے درخواست میں فہرست نہیں کیا، تو واپس جائیں اور انہیں شامل کریں۔ گھرانے کے تمام افراد کو درجِ فہرست کرنا بے حد اہم ہے، کیونکہ آپ کے گھرانے کا سائز مفت اور کم قیمت کھانوں کے لیے آپ کی اہلیت پر اثرانداز ہوتا ہے۔

**6) اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کے آخری چار ہندسے فراہم کریں۔**
گھرانے کا ایک بالغ فرد دی گئی جگہ میں اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کے آخری چار ہندسے شامل کرے۔ اگر آپ کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں تو بھی آپ مراعات کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ اگر گھرانے کے کسی بالغ فرد کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں، تو اس جگہ کو خالی چھوڑ دیں اور "اگر سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں تو نشان زد کریں" کے عنوان سے دائیں جانب موجود خانے کو نشان زد کریں۔

## B.3 بچوں کو وصول ہونے والی آمدنی درجِ فہرست کریں

**وہ تمام آمدنی درجِ فہرست کریں جو بچے کماتے یا وصول کرتے ہوں۔**
ایسی مشترکہ مجموعی آمدن کو "بچے کی آمدن" کے لیے نشان زد خانے میں درجِ فہرست کریں جو **مرحلہ 1** میں فہرست شدہ آپ کے گھرانے کے تمام بچوں کی ہو۔ *foster children* کی آمدن صرف اسی صورت میں شمار کی جائے گی جب آپ اپنے باقی ماندہ گھرانے کے ساتھ ساتھ ان کے لیے بھی مشترکہ طور پر درخواست دے رہے ہوں۔

- **بچے کی آمدن کیا ہے؟** بچے کی آمدن سے مراد آپ کے گھرانے کے باہر سے وصول ہونے والی وہ آمدن ہے جو آپ کے بچے کو براہ راست ادا کی جاتی ہے۔ بہت سے گھرانوں کو بچوں کی کوئی آمدن وصول نہیں ہوتی۔

## مرحلہ 4: رابطہ معلومات اور بالغ فرد کے دستخط

**تمام درخواستوں پر گھرانے کے کسی ایک بالغ فرد کی جانب سے لازماً دستخط کیے جائیں۔ درخواست پر دستخط کے ذریعے، گھرانے کا فرد یہ عہد کرتا ہے کہ تمام تر معلومات سچائی کے ساتھ اور مکمل طور پر رپورٹ کو گئی ہیں۔ اس حصے کو مکمل کرنے سے پہلے، براہِ کرم یقینی بنائیں کہ آپ نے درخواست کی پچھلی جانب موجود بیانات پڑھ لیے ہیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| **A) اپنی رابطہ معلومات فراہم کریں۔** اگر یہ معلومات دستیاب ہیں تو فراہم شدہ جگہ پر اپنا موجود ڈاک کا پتہ تحریر کریں۔ اگر آپ کے پاس کوئی مستقل پتہ نہیں، تو کوئی بات نہیں۔ کوئی فون نمبر، ای میل ایڈریس یا دونوں کا اشتراک اختیاری ہے، لیکن اگر ہمیں آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو تو یہ ہمیں آپ سے جلد رابطے میں مدد دیتا ہے۔ | **B) اپنا نام تحریر کریں اور دستخط کریں، نیز آج کی تاریخ درج کریں۔** درخواست پر دستخط کرنے والے بالغ فرد کا نام تحریر کریں، وہ شخص "بالغ فرد کے دستخط" کے خانے میں دستخط کرے گا۔ | **C) مکمل شدہ درخواست ارسال کریں بنام:**<br>Insert School/District address here |

## اختیاری

**بچے کی نسلی و حسب نسب کی شناختیں شیئر کریں (اختیاری)۔** درخواست کی پچھلی جانب، ہم آپ سے آپ کے بچے کی نسلی و حسب نسب کی معلومات کے اشتراک کا تقاضہ کرتے ہیں۔ یہ حصہ اختیاری ہے، اور اسکول میں ملنے والے مفت اور کم قیمت کھانوں کے لیے آپ کے بچے کی اہلیت کو متاثر نہیں کرتا۔ ان معلومات کی درخواست فقط ریاست کی جانب سے وفاقی شہری حقوق کے قوانین کی تعمیل کا تعین کرنے کے مقصد کے لیے کی جاتی ہے، اور آپ کا ردعمل آپ کی درخواست پر غور و فکر کو متاثر نہیں کرے گا، نیز خفیہ کاری کے ایکٹ کے تحت اس کا تحفظ ہو سکتا ہے۔ یہ معلومات فراہم کرنے کے ذریعے، آپ اس امر کو یقینی بنانے میں ہماری اعانت کریں گے کہ یہ پروگرام غیر متعصبانہ طریقے سے چلایا جا رہا ہے۔

**براہِ کرم یہ درخواست اپنے بچے کے اسکول کو براہِ راست واپس کریں۔ مکمل شدہ درخواست یا درخواست کے حوالے سے سوالات شہری حقوق کے معاون سیکرٹری برائے امریکی محکمۂ زراعت (U.S. Department of Agriculture, USDA) کے دفتر کو ہرگز ارسال، فیکس، یا ای میل نہ کریں، بصورت دیگر مفت یا کم قیمت پر کھانوں کے لیے آپ کے بچے کی اہلیت متاثر ہو گی۔**